# **علاقائی خبریں**

05 اگست 2026

1:10 P.M.

یوپی قانون ساز اسمبلی کے مانسون اجلاس کے تیسرے دن اپوزیشن جماعتوں نے ایودھیا کے شری رام مندر میں چڑھاوے کے غبن پر بحث کا مطالبہ کرتے ہوئے اسمبلی میں ہنگامہ کیا، جس کی وجہ سے کارروائی 1 بجے تک کے لیے ملتوی کرنی پڑی۔ دریں اثنا، آج قانون ساز کونسل میں وقفہ سوالات کے دوران، ایس پی رکن مان سنگھ نے جنگ سے متاثرہ ممالک میں کام کرنے والے ریاستی مزدوروں پر سوال اٹھایا۔ اس کا جواب دیتے ہوئے ریاستی وزیر محنت انل راج بھر نے کہا کہ ریاستی حکومت کے پاس تمام مزدوروں کے بارے میں مکمل معلومات ہیں اور وزارت خارجہ کے ذریعے حکومت سفارت خانے کے ساتھ رابطے میں ہے اور مزدوروں کو ہر طرح کی مدد فراہم کی جا رہی ہے۔ کوئی مزدور کسی ملک میں پھنسا نہیں ہے۔

اس سے قبل ریاستی وزیر خزانہ سریش کمار کھنہ نے مانسون اجلاس کے دوسرے دن اپوزیشن اراکین کے ہنگامہ کے درمیان کل اسمبلی میں مالی سال 2026-27 کے لیے 59 ہزار 19 کروڑ 54 لاکھ روپے کا ضمنی بجٹ پیش کیا۔ اس بجٹ میں مرکزی حکومت کی جانب سے 11 ہزار 240 کروڑ 97 لاکھ روپے کا تعاون شامل ہوگا۔

डिस्पैच.......

...............................................................................................

حکومت نے ریاست میں 60 سال سے زیادہ عمر کی خواتین کو روڈ ویز بسوں میں مفت سفر کی سہولت فراہم کرنے کے لیے فیصلہ کن قدم اٹھایا ہے۔ مالی سال 2026-27 کے پہلے ضمنی بجٹ میں اس انتظام کے لیے اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن کو معاوضہ ادا کرنے کے لیے 100 کروڑ روپے کا

انتظام کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ خواتین کی بہبود کے محکمے کے لیے ایک ہزار94 کروڑ 40 لاکھ روپے کے اضافی فنڈز کی فراہمی سے بے سہارا خواتین کی پنشن سکیم، چیف منسٹر چائلڈ سروس سکیم اور خواتین اور بچوں کے تحفظ سے متعلق مختلف سکیموں کو بھی تقویت ملی ہے۔

..............................................................................................

پارلیمنٹ نے کل پیدائش اور موت کے اندراج (ترمیمی) بل 2026 کو منظور کیا۔ راجیہ سبھا نے کل اسے منظوری دے دی۔ لوک سبھا پہلے ہی اس بل کو پاس کر چکی ہے۔ اس بل کا مقصد پیدائش اور موت کے رجسٹریشن ایکٹ 1969 میں ترمیم کرنا ہے۔

اس بل کا مقصد پیدائش اور موت کے اندراج میں تاخیر کو روکنا اور بروقت رجسٹریشن کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ نئے پرووِیژن کے تحت، اگر پیدائش یا موت کی اطلاع ایک سال کے بعد لیکن دو سال کے اندر ہوتی ہے، تو اس کا اندراج ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ، سب ڈویژنل مجسٹریٹ، یا ضلع مجسٹریٹ کے اختیار کردہ ایگزیکٹو مجسٹریٹ سے اجازت لینے کے بعد ہی کیا جائے گا۔ اجازت دینے سے پہلے افسر کو اس بات کی تصدیق کرنی ہوگی کہ اس شخص کی طرف سے فراہم کردہ معلومات درست ہیں۔ اگر دو سال سے زیادہ کے بعد پیدائش یا موت کی اطلاع ملتی ہے، تو اس کا اندراج صرف فرسٹ کلاس جوڈیشل مجسٹریٹ کے حکم پر کیا جائے گا۔

..............................................................................................

ڈیری ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کی 50 ویں سالگرہ کے موقع پر، ڈیری ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ اور انیمل ہسبنڈری ڈپارٹمنٹ مشترکہ طور پر ریاست کے تمام 75 اضلاع میں ایک روزہ ضلعی سطح کی ڈیری کنکلیو 2026 کا اہتمام کریں گے۔ تقریب میں ماہرین مختلف موضوعات پر تکنیکی اور عملی معلومات فراہم کریں گے۔

..............................................................................................

سیاحت اور ثقافت کے مرکزی وزیر گجندر سنگھ سخاوت اپنے ایک روزہ دورے پر کل وارانسی پہنچے۔ جانب سخاوت نے یونیسکو کے ذریعے سارناتح کو عالمی ثقافتی ورثے میں شامل کیے جانے کے بعد سارناتھ میں مذہبی استوپ سمیت آثار قدیمہ کے کھنڈرات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے میڈیا سے بات چیت بھی کی۔

مرکزی وزیر نے کہا کہ عالمی ثقافتی ورثہ کا درجہ ملنے کے بعد ہندوستان اور بیرون ملک سے آنے والے سیاحوں اور بدھ مت کے عقیدت مندوں کی تعداد میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

..........................................................................................

ریاست کے کئی اضلاع میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات نے آج ریاست کے کئی حصوں میں موسلادھار بارش کی وارننگ جاری کی ہے۔

..........................................................................................